Serial Number

Roll No. ........................

SET/सेट : **B**

Total No. of Questions : 23

Total No. of Printed Pages : 11 + 1 Blank

# T-0654

## हाईस्कूल मुख्य परीक्षा वर्ष - 2024
## High School Examination (Main) - 2024

## اردو
## URDU

Time : 3 Hours ] [ Maximum Marks : 75

**ہدایات :**

(i) تمام سوالات لازمی ہیں۔

(ii) جواب لکھتے وقت املا اور خوش خطی کا خاص خیال رکھیں۔

(iii) ''یا'' کرکے دیئے گئے سوالات میں سے کسی ایک کا ہی جواب لکھیں۔

(iv) سوال نمبر 1 سے سوال نمبر 5 تک معروضی سوالات درج ہیں۔

(v) سوال نمبر 6 سے سوال نمبر 17 تک ہر سوال پر دو نمبر مقرر ہیں۔ جواب تقریباً 30 الفاظ میں لکھیں۔

(vi) سوال نمبر 18 سے سوال نمبر 20 تک ہر سوال پر تین نمبر مقرر ہیں۔ جواب تقریباً 75 الفاظ میں لکھیں۔

(vii) سوال نمبر 21 سے سوال نمبر 23 تک ہر سوال پر چار نمبر مقرر ہیں۔

سوال1 صحیح جواب کا انتخاب کر کے لکھیے:

(i) منگو کا پیشہ تھا: (1)

(الف) پھل بیچتا تھا (ب) آٹو چلاتا تھا

(ج) تانگہ چلاتا تھا (د) رکشہ چلاتا تھا

(ii) یاسیات کا امام کہا جاتا ہے: (1)

(الف) ذوقؔ کو (ب) سوداؔ کو

(ج) اقبالؔ کو (د) فانیؔ کو

(iii) استاذ، اساتذہ ہے: (1)

(الف) واحد- جمع (ب) متضاد

(ج) ہم معنی (د) مذکر مؤنث

(iv) بھولا کا مایا سے رشتہ تھا: (1)

(الف) بھائی بہن کا (ب) دوستی کا

(ج) ماں بیٹے کا (د) نانی دادی کا

(v) سبق ''چوری اور اس کا کفارہ'' کے مصنف/کی مصنفہ ہیں: (1)

(الف) سرسید احمد خاں (ب) آغا حشر

(ج) سید عابد حسین (د) قرۃ العین حیدر

(vi) بابائے اردو کے نام سے جانے جاتے ہیں: (1)

(الف) الطاف حسین حالیؔ (ب) سعادت حسن منٹو

(ج) سرسید احمد خاں (د) مولوی عبد الحق

سوال2 درج ذیل جملے صحیح (✓) ہیں یا غلط (×) نشاندہی کیجیے:

(i) قدرت نے دنیا کی ہر چیز کو ایک دوسرے سے جوڑ دیا ہے۔ ( ) (1)

(ii) اقبال ایک بڑے فلسفی شاعر ہیں۔ ( ) (1)

(iii) حال، احوال متضاد الفاظ ہیں۔ ( ) (1)

(iv) کلام میں کسی مشہور تاریخی واقعہ، مقام، نام یا کسی روایت کی طرف اشارہ کرنے کو "تلمیح" کہتے ہیں۔ ( ) (1)

(v) رام سہائے مل ڈراما آزمائش کا کردار ہے۔ ( ) (1)

(vi) سرسید نے تیرنا اپنے ماموں سے سیکھا۔ ( ) (1)

سوال3 دی گئی خالی جگہوں کو مناسب الفاظ سے پُر کیجیے۔

(مطلع، سر، مخلوط، دہلی، اردو، مکھن، شاہ بیت، تلاشِ ہند)

(i) اردو پر ایک اعتراض یہ کیا جاتا ہے کہ یہ ............ زبان ہے۔ (1)

(ii) حکومتِ برطانیہ نے اقبال کو ............ کا خطاب دیا۔ (1)

(iii) غزل کا پہلا شعر ............ کہلاتا ہے۔ (1)

(iv) میں نے مایا کو پتھر کے ایک کوزے میں ............ رکھتے دیکھا۔ (1)

(v) 'چوری اور اس کا کفارہ' گاندھی جی کی آپ بیتی کے ............ ترجمے سے ماخوذ ہے۔ (1)

(vi) سرسید احمد خاں ............ کے ایک معزز گھرانے میں پیدا ہوئے۔ (1)

سوال 4 صحیح جوڑی بنایئے:

| | 'ب' | | 'الف' | |
|---|---|---|---|---|
| (1) | سلفر ڈائی آکسائیڈ گیس | (i) | نظم ''حقیقت حسن'' کے شاعر | (i) |
| (1) | اقبالؔ | (ii) | فانیؔ نے پہلی غزل | (ii) |
| (1) | گیارہ سال کی عمر میں کہی | (iii) | غزل | (iii) |
| (1) | عربی زبان کا لفظ ہے | (iv) | سورج، آفتاب، خورشید | (iv) |
| (1) | ہم معنی الفاظ ہیں | (v) | رام سہائے مل کی بیوی | (v) |
| (1) | بھاگوتی | (vi) | تیزابی بارش کی اہم وجہ | (vi) |
| | مطلع | (vii) | | |
| | مقطع | (viii) | | |

سوال5 ایک جملے میں جواب لکھئے۔

(i) چوتھا مصرعہ کیسا ہوتا ہے؟ (1)

(ii) غیر مردّف غزل کس طرح کی غزل کہلاتی ہے؟ (1)

(iii) نظم کی کوئی دو قسموں کے نام بتایئے۔ (1)

(iv) ارسطو نے ڈرامے کے اجزائے ترکیبی میں کتنی چیزوں کو ضروری قرار دیا ہے؟ (1)

(v) شاعر نے دل کو کیسی بستی کہا ہے؟ (1)

(vi) 'نایاب ہیں ہم' سے شاعر کی کیا مراد ہے؟ (1)

سوال6 مردوں کو عورتوں کے ساتھ کیسا سلوک کرنا چاہیے؟ 2)

یا

استاد منگو انگریزوں سے کیوں نفرت کرتا تھا؟

سوال7 عمرِ خضرؑ سے شاعر کی کی مراد ہے؟ (2)

یا

حُسنِ عمل اور راست گوئی سے کیا مراد ہے؟

سوال8 درج ذیل اقتباس کو پڑھ کر کسی ایک کی سلیس اردو لکھیے۔ (2)

''بھولا یہ بات نہ سمجھ سکا کہ ایک شخص کس طرح ایک ہی وقت میں کسی بھائی اور کسی کا ماموں ہو سکتا ہے۔ وہ تو اب تک یہی سمجھتا آیا تھا کہ اس کے ماموں جان اس کے باباجی کے بھی ماموں جی ہیں۔ بھولے نے اس مخمصے میں پڑنے کی کوشش نہیں کی اور اُچک کر ماں کی گود میں جا بیٹھا اور اپنی ماں سے گیتا سننے کے لیے اصرار کرنے لگا۔''

یا

''سرسید کے خاندان کا حال جس قدر ہم نے لکھا ہے شاید ناظرین اس کو قدرے ضرورت سے زیادہ خیال کریں۔ لیکن بائیوگرافی کا اصل مقصد جو ہیرو کے اخلاق و عادات و خیالات کا دنیا پر روشن کرنا ہے وہ اُس وقت تک پورا نہیں ہو سکتا جب تک یہ نہ کہا جائے کہ ہیرو میں اخلاق و عادات اور خیالات کہاں سے آئے؟ اور اُن کی بنیاد اُس میں کیونکر پڑی؟ انسان میں کچھ خصلتیں جبلی ہوتی ہیں جو آباء و اجداد سے بطور میراث کے اُس کو پہنچتی ہیں''۔

سوال9 ''تجنیسِ تام'' یا ''حروفِ عطف'' کی تعریف مع مثال لکھئے۔ (2)

سوال10 درج ذیل محاوروں کا جملوں میں استعمال کیجیے۔ (کوئی دو) (2)

(i) نو دو گیارہ ہونا

(ii) عید کا چاند ہونا

یا

درج ذیل الفاظ کی جمع لکھیے:

ملک، مقام، غریب، تحفہ

سوال11 دوپہر میں کہانی سننے کے باوجود بھولا کے چہرے پر خوشی کیوں نظر نہیں آرہی تھی؟ (2)

یا

نیا قانون کے آنے کی خبر سن کر منگو کوچوان کیوں خوش تھا؟

سوال 12 سرسید نے اپنا بچپن کیسے گزارا؟

یا

ڈراما ''آزمائش'' کی مجاہد عورتوں کے نام لکھیے۔

سوال 13 انسان کے آس پاس اس کے اہم ساتھی کون ہیں؟ (2)

یا

گاندھی جی کا اعتراف نامہ پڑھ کر ان کے والد پر کیا اثر ہوا؟

سوال 14 درج ذیل اشعار میں سے کسی ایک شعر کی تشریح مع حوالہ لکھیے۔ (2)

(i) لائی حیات، آئے، قضا لے چلی، چلے
اپنی خوشی نہ آئے نہ اپنی خوشی چلے

(ii) لاکھوں ہی مسافر چلتے ہیں، منزل پہ پہنچتے ہیں دو ایک
اے اہل زمانہ قدر کرو، نایاب نہیں کمیاب ہیں ہم

(iii) جگ سونا ہے تیرے بغیر، آنکھوں کا کیا حال ہوا
جب بھی دنیا بستی تھی، اب بھی دنیا بستی ہے

نوٹ : درج ذیل بند کو پڑھ کر سوال نمبر 15 اور 16 کا جواب لکھیے :

او دیس سے آنے والے بتا!
کیا اب بھی مہکتے مندر سے
ناقوس کی آواز آتی ہے؟
کیا اب بھی مقدس مسجد پر
مستانہ اذاں تھراتی ہے
اور شام کے رنگیں سایوں پر
عظمت کی جھلک چھا جاتی ہے؟

سوال15 مندرجہ بالا بند کس نظم سے لیا گیا ہے اور اس کے شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (2)

سوال16 مندر سے کس کی آوز آتی ہے؟ (2)

سوال17 درج ذیل اقتباس کے خط کشیدہ (Underlined) الفاظ کے متضاد لکھیے۔ (2)

درج ذیل اقتباس کو پڑھ کر سوال نمبر 17 کا جواب لکھیے۔

''رام سہائے مل کے مکان میں ایک چھوٹا سا دالان ہے۔ رات ہوگئی ہے۔ ڈیوٹ پر ایک دیا جل رہا ہے۔ رام سہائے مل اس کی روشنی میں کھانا کھا رہا ہے۔ بھاگ وتی، اس کی بیوی، آنچل سے منہ بند کیے کھڑی ہے۔ اُس کو پنکھا جھل رہی ہے اور چپکے چپکے رو رہی ہے۔ رام سہائے مل کو اس کے رونے کا احساس نہیں ہے اور وہ کھانا کھاتا رہتا ہے''۔

سوال18 درج ذیل مصنفین میں سے کسی ایک مصنف کی سوانحِ حیات لکھیے۔ (3)

(i) الطاف حسین حالؔی

(ii) راجندر سنگھ بیدی

(iii) سرسید احمد خان

سوال19 ''رباعی'' یا ''غزل'' میں سے کسی ایک پر تعارفی نوٹ لکھیے۔ (3)

سوال20 درج ذیل نثری اصناف میں سے کسی ایک پر مختصر نوٹ لکھیے۔ (3)

(i) آپ بیتی

(ii) افسانہ

(iii) ڈراما

سوال21 درج ذیل غیر درسی عبارت کو غور سے پڑھ کر نیچے پوچھے گئے سوالات کے جواب لکھیے۔ (4)

''جس کے اندر خدمتِ خلق کا جذبہ ہے یقیناً، لائقِ ستائش ہے۔ خدمتِ خلق کا جذبہ خود غرضی کی ضد ہے۔ ملکوتی صفات کا حامل خدمتِ خلق کے جذبے سے سرشار رہتا ہے۔ جبکہ خود غرضی

کا جذبہ ابلیس کی صفتوں میں ایک صفت ہے۔ جو لوگ خدمتِ خلق کو اپنا شعار بنا لیتے ہیں انہیں دنیا میں بھی عزت ملتی ہے اور آخرت کے لیے بھی ایک بہترین توشہ ہے۔ ہر شخص اپنی حیثیت کے مطابق لوگوں کی خدمت کر سکتا ہے۔ جس جگہ ایسے لوگ ہوتے ہیں جن کا شیوہ خدمتِ خلق ہے، وہاں کے لوگ سکون اور خوشحالی کی زندگی گزراتے ہیں۔ جس جگہ خودغرض لوگ رہتے ہیں، وہاں امن، چین چھن جاتا ہے۔

سوالات:

(i) خدمتِ خلق کا جذبہ کس کی ضد ہے؟

(ii) خودغرضی کا جذبہ کس کی صفتوں میں ایک صفت ہے؟

(iii) امن، چین کہاں چھن جاتا ہے؟

(iv) اوپر لکھی عبارت کا ایک مناسب عنوان لکھئے۔

سوال22 اپنے پرنسپل صاحب کو اپنا سیکشن بدلنے کے لئے درخواست لکھئے۔ (4)

یا

اپنے والد کو خط لکھیے جس میں اپنے امتحان کی تیاری کا ذکر کیا گیا ہو۔

سوال23 درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مختصر نوٹ لکھئے۔ (4)

(i) سائنس کے فائدے اور نقصانات

(ii) قومی رہنما

(iii) ماحول کی آلودگی

(iv) تاریخی عمارت

---